# حجِ افراد

جب عورت پر حجِ افراد واجب ہو جائے تو اسکا مطلب یہ ہے کہ وہ عمرۂ تمتع نہیں کرے گی۔ بلکہ میقات سے احرام پہن کر مکہ آئے گی اور اسی احرام میں رہتے ہوئے عرفات جا کر حج تمتع کے باقی تمام واجبات انجام دے گی مگر نیت حجِ افراد کی کریگی۔ البتہ اس پر قربانی واجب نہیں ہے پس یہ 10 ذی الحجۃ کو بڑے شیطان کو کنکر مارنے کے بعد تقصیر کر کے احرام اتار سکتی ہے جبکہ باقی حاجی قربانی ہونے کا انتظار کریں۔

اور حج مکمل کرنے کے بعد اس کو ایک عمرۂ مفردہ بھی انجام دینا ہوگا۔

☆ آقا خوئی و آقا سیستانی کے نزدیک اختیار ہے کے مسئلے کی تفصیل:
چاہے تو وہ نیت بدل کر حجِ افراد انجام دے یا چاہے تو وہ حجِ تمتع کی نیت پر باقی رہتے ہوئے طواف و اسکی نماز کو چھوڑ دے اور سعی و تقصیر کر کے عمرۂ تمتع کو انجام دے۔ پھر حجِ تمتع کا احرام پہن کر عرفات جا کر حج مکمل کرے۔ جب طواف کا وقت آئے تو پہلے عمرۂ تمتع کا طواف و نماز انجام دے۔ پھر حج کا طواف و اسکی نماز۔

# کاروانِ ابوذر

## (حج و عمرہ سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ)

## خواتین سے متعلقہ اہم مسائل

مرتّبہ

**مولانا صادق حسن صاحب**

## نوٹ

۱۔ احرام پہن کر مکہ میں داخل ہونے کے بعد عمرہ کے باقی اعمال فوراً انجام دینا واجب نہیں ہیں۔ البتہ جن عورتوں کو یہ خوف ہو کہ ان کی ماہواری شروع ہونے والی ہے اور پھر پاک ہونے تک عمرہ تمتع مکمل نہ ہو سکے گا ان کے لئے لازم ہے کہ مکہ میں داخل ہوتے ہی طواف و اسکی نماز فوراً انجام دے لیں۔ اسی طرح جو عورتیں ماہواری کے عالم میں مکہ میں داخل ہوں ان پر اتنا انتظار واجب ہے کہ پاک ہو کر غسل انجام دیں۔ پھر عمرہ کے باقی واجبات مکمل کرلیں۔ اس دوران حالتِ احرام میں رہیں گی اور ان چیزوں سے اپنے آپ کو بچانا واجب ہے جو احرام میں حرام ہیں۔

۲۔ حالتِ حیض میں مسجد الحرام (خانہ کعبہ کے گرد کی مسجد) و مسجدِ نبوی میں داخل ہونا بھی حرام ہے۔ ٹھہرنا بھی حرام ہے۔ البتہ صفا و مروہ پر یا ان کے درمیان جانا یا بیٹھنا جائز ہے بشرطیکہ مسجد کے اندر سے نہ جائیں بلکہ باہر کا راستہ اختیار کریں۔

"پس جب عورت کو ماہواری کی حالت میں سعی کرنا پڑے تو مسجد الحرام کے اندر سے نہ جائے بلکہ باہر کے دروازوں سے صفا پر جا کر سعی کرے"۔

۳۔ نیز چارٹ پر غور کرنے سے پہلے چھوٹی مناسک کے صفحہ 151 سے 156 کو ضرور پڑھیں۔

# اگر عورت کو حج کے دوران ماھواری آجائے تو اسکا تفصیلی مسئلہ درج ذیل ہے۔

## حج اسلام (حج تمتع)

### پہلا حصہ عمرۂ تمتع

- احرام باندھنے سے پہلے ماھواری شروع ہوجائے
  - اتنا وقت ہو کہ عرفات جانے سے پہلے پاک ہو سکے
    - یعنی احرام و عرفات جانے میں دس دن یا زائد ہوں
    - عمرۂ تمتع کی نیت کرے گی اور مکہ پہنچ کر پاکیزگی کے بعد عمرہ مکمل کرے۔
  - اتنا وقت نہ ہو
    - یعنی احرام و عرفات جانے میں دس دن سے کم ہوں
    - اطمینان ہو کہ پاک نہ ہو سکے گی۔
      آقا خمینیؒ: حِج افراد کی نیت کر کے اسی احرام میں عرفات جائے۔
      باقی 3 مراجع: حِج افراد کی نیت کرے یا چاہے تو مافی الذمہ کی نیت کرے
      - اطمینان صحیح نکلا
        - حِج افراد کرے گی۔ بعد میں ایک عمرۂ مفردہ کرنا ہے۔ عمرۂ تمتع نہیں کرے گی۔
      - اطمینان غلط نکلا
        - آقا خمینیؒ: احرام باطل ہوگیا عمرۂ تمتع کی نیت سے دوسرا احرام پہن کر عمرہ کرے۔
        - آقا خوئی: اگر افراد کی نیت کی تھی تو یہی حکم ہے۔ اگر مافی الذمہ کی نیت تھی تو احرام صحیح ہے صرف نیت بدل کر عمرۂ تمتع کی نیت کرے۔
        - آقا سیستانی و آقا خامنہ ای: دونوں میں احرام درست ہے صرف نیت بدل کر عمرۂ تمتع کی نیت کرے۔
    - اندازہ ہو کہ پاک ہوجائے گی (عمرۂ تمتع کی نیت کرے)
      - اندازہ صحیح نکلا
        - مکہ پہنچ کر عمرہ تمتع کرے
      - اندازہ غلط نکلا (پاک نہ ہو سکی)
        - چاروں مراجع: احرام صحیح ہے نیت بدل کر حِج افراد کی نیت کرے
- احرام کے بعد مگر طواف سے پہلے
  - عرفات سے پہلے عمرہ مکمل کرنے کا وقت ہو
    - پاکیزگی کے بعد عمرہ مکمل کرے۔
  - عرفات تک پاک نہ ہو سکی
    - آقا خمینی: حج افراد ہوگیا۔
    - آقا خوئی و آقا سیستانی: اختیار ہے
    - ☆تفصیل آخری صفحہ پر ہے
- طواف و اسکی نماز کے بعد
  - عام طریقے سے عمرہ مکمل کرے

### دوسرا حصہ حج تمتع

طواف و اسکی نماز سعی اور طواف النساء و اسکی نماز چھوڑ کر باقی تمام واجبات ماہواری میں انجام دے۔ پاک ہوکر یہ 5 انجام دے اگر روانگی تک پاک نہ ہو سکے تو طواف و نماز کے لئے نائب بنائے۔ سعی خود کرے مگر مسجد کے اندر سے نہ جائے۔ طواف النساء اور اُسکی نماز کے لئے نائب بنائے۔